# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: شعری اصناف: تعارف و تفہیم (دوم)9005 سمسٹر: خزاں2026

سطح: بی ایس

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1: نظیر اکبر آبادی کی نظم "آدمی نامہ" میں امارت اور غربت کے موازنے سے کون سا طبقاتی اور فلسفیانہ نقطہ نظر سامنے آتا ہے؟ (20)

سوال 2: علامہ اقبال نے اپنی نظم "التجائے مسافر" میں علم کے سفر پر روانہ ہونے سے پہلے صوفیانہ مرکز پر حاضری کو کیوں ناگزیر سمجھا؟ (20)

سوال 3: ن م راشد کی نظم "سباویراں" کے متن کی روشنی میں واضح کریں کہ وہ اس نظم میں کس تہذیب کے زوال اور بانجھ پن کا نوحہ لکھتے ہیں؟ (20)

سوال 4: اختر حسین جعفری کی نظم "امتناع کا مہینہ" کے تجریاتی مطالعے کی روشنی میں بتائیں کہ اس نظم کا مرکزی فکری نکتہ کیا ہے؟ (20)

سوال 5: اسماعیل میرٹھی کی نظم "کورانہ انگریز پرستی" کے متن کی روشنی میں بتائیں کہ انھوں نے اندھی تقلید کے معاشرتی نقصانات کو کیسے اُجاگر کیا؟ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1: جاپانی صنف "ہائیکو" کے تعارف و تعریف کی روشنی میں اس کے مخصوص صوتی ارکان اور فلسفۂ زندگی کا باہمی تعلق واضح کریں۔ (20)

سوال 2: جعفر طاہر کی سوانح اور ان کی کینٹو نگاری کی خصوصیات کی روشنی میں نصاب میں شامل "قصہ چہار درویش (جدید): پہلا کینٹو" کا تجریاتی مطالعہ پیش کریں۔ (20)

سوال 3: اکبر الہ آبادی کے تعارف کو سامنے رکھتے ہوئے واضح کریں کہ انھوں نے اپنے منتخب قطعات میں طنز و مزاح کو معاشرتی اصلاح کے لیے کس طرح استعمال کیا؟ (20)

سوال 4: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں:

ا۔ چراغ حسن حسرت کی ماہیا نگاری، ۲۔ حفیظ جالندھری کی گیت نگاری (20)

سوال 5: اردو شاعری میں دوہے کی روایت اور آغاز و ارتقا پر بحث کرتے ہوئے جمیل الدین عالی کی دوہا نگاری کی فنی خصوصیات کا جائزہ لیں۔ (20)